pakcity.org

# باب 8: آبادی، معاشرہ اور پاکستان کی ثقافت

www.pakcity.org

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. پشتو زبان کے شاعر ہیں:

(A) خواجہ غلام فریدؒ (B) غلام احمد مجہور (C) **خوشحال خان خٹک** (D) بابا بلھے شاہؒ

2. سپریم کورٹ کے جج رہے:

(A) پیٹر کرسٹی (B) ڈاکٹر روتھ فاؤ (C) ولیم ڈی ہاروے (D) **بدیع الزمان کیکاؤس**

3. آبادی کے کوائف جاننے کے لیے عمل کو کہتے ہیں:

(A) نقل مکانی (B) انتقالِ اراضی (C) اشتمالِ اراضی (D) **مردم شماری**

4. 12 ربیع الاول کو اسلامی تہوار منایا جاتا ہے:

(A) معراج النبی ﷺ (B) **جشن میلاد النبی ﷺ** (C) عید الفطر (D) شبِ برات

5. 2019ء میں پاکستان میں پاکستانی سیاحوں کی تعداد تھی:

(A) قریباً 40 ملین (B) **قریباً 50 ملین** (C) قریباً 60 ملین (D) قریباً 70 ملین

www.pakcity.org

## مشقی مختصر جوابی سوالات

1۔ **پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں۔**

جواب: شعبہ تعلیم میں پاکستان میں درج ذیل مسائل کا سامنا ہے:

(i) کم شرحِ خواندگی

(ii) ناقص امتحانی نظام

(iii) محدود تعلیمی وسائل

(iv) اساتذہ کی کمی

(v) تدریسی ساز و سامان کی کمی

## 2۔ صنفی امتیاز کی تعریف کریں۔

جواب: انسانی معاشرے میں عورت اور مرد میں جنس کی بنیاد پر تفریق کرنا صنفی امتیاز کہلاتا ہے۔ قدرت نے مرد و خواتین کے الگ الگ کردار بنائے، اس کا بنیادی مقصد نسل انسانی کو آگے بڑھانا تھا۔ ترقی کرنا اور آگے بڑھنا انسان کی صفت میں شامل ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ رسم و رواج بدلتے رہتے ہیں۔ اب معاشرے میں مردوں اور عورتوں کو ترقی کی مساوی مواقع میسر ہیں۔

## 3۔ ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟

جواب: ہم نصابی سرگرمیوں سے مراد کھیلیں، مباحثہ، مشاعرے، تقاریر، مذاکرے اور مطالعاتی دورے وغیرہ۔ یہ طلبہ کی اخلاقی تربیت اور ان کی شخصیت کی تعمیر میں مددگار ہوتے ہیں۔ یہ طلبہ کی اخلاقی تربیت اور ان کی شخصیت کی تعمیر میں مددگار ہوتے ہیں۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں ہم ایسی ہم نصابی سرگرمیوں کے مناسب سہولتیں موجود نہ ہیں، جس کی وجہ سے کئی باصلاحیت طلباء زندگی کی دوڑ میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔

## 4۔ کوئی سے تین پنجابی شعرا کے نام لکھیں۔

جواب: تین پنجابی شعرا کے نام درج ذیل ہیں:

(i) بابا بلھے شاہؒ

(ii) شاہ حسینؒ

(iii) سلطان باہوؒ

## 5۔ آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جا سکتا ہے؟

جواب: پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک میں آبادی میں اضافے کی نسبت وسائل میں اضافہ کم ہے۔ افراطِ آبادی، غربت، بے روزگاری اور طبی سہولیات کا فقدان ایسے مسائل ہیں جن پر قابو پانا نہایت ضروری ہے۔ چنانچہ آبادی اور وسائل کے درمیان توازن قائم کرنے کے لئے آبادی کو قابو میں رکھا جائے اور دولت کی غیر منصفانہ تقسیم کو ختم کیا جائے۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org